سوک مین ایڈورٹائزر (الدین پارک)
021-34612121

ذوہیب ایڈورٹائزر (الدین پارک)
0300-8256266

انصاری ایڈورٹائزر (بلاک 17)
0314-9364115

آئی آئی چندریگر روڈ

A2z میڈیا ایڈورٹائزر
0345-3439990

عجاب ایڈورٹائزر
0334-3237791

RSI ایڈورٹائزنگ
021-32215529

یو کے ایڈورٹائزر
0308-5123786

NEPTIUNE ایڈورٹائزر
0333-3092533

HELP ایڈورٹائزر
0321-8229339

I ایڈورٹائزر
0335-3376286

نئی کراچی

صدیقی ایسوسی ایٹس
0316-6268090

کلیم ٹریڈنگ ایجنسی
0300-2751960

صدر/ گارڈن

محمود نیوز ایجنسی (گروسمند)
0300-2567361

پریس میڈیا ایڈورٹائزنگ (گھوڑیالی بلڈنگ)
021-3521-0833

خرم ایڈورٹائزر
35661980

ایس۔ایس ایڈورٹائزنگ
35623493

فیضان ایڈورٹائزر
0331-2228662

مون اسٹار ایڈورٹائزر
0332-5306659

حسین شاہ شیرازی 1

دینی ودعوتی، اصلاحی، ملی، فلاحی تنظیم انجمن فیضان الاسلام کا قیام عمل میں لایا گیا جو آپ کے جانشین کی زیر سرپرستی آج بھی بھرپور انداز میں مصروف عمل ہے اور شعبہ خدمت خلق اور شعبہ نشر واشاعت اور تعلیم وتبلیغ کے کام منظم انداز میں جاری وساری ہیں شہید رہنما حضرت علامہ مفتی سید امیر حسین شاہ شیرازی اپنے وطن عظیم پاکستان سے بہت محبت کرتے تھے اور ایک سچے پاکستانی کی حیثیت سے آپ خود بھی بھرپور جذبہ رکھتے اور آپ نے اپنی آل واولاد وشاگردوں اور مریدین کو یہ جذبہ دیا جس کا نمونہ آج آپکے جانثین صاحبزادگان مریدین، شاگردوں میں بھرپور نظر آتا ہے وہ 14 اگست ہو، 23 مارچ ہو 6 ستمبر، پاکستان زندہ آباد ہو ملیشیا، تفکر یات اسلام پاکستان، افواج پاکستان پاکدہ باد اور پرچم کشائی کا انعقاد۔ شہید ملت شیرازی سرکار رحمۃ اللہ علیہ اپنی حیات میں مشکل حالات میں، مشکل علاقے میں اسلام، پاکستان اور اہلسنت کے حرارت کو نہ مٹنے والوں کے گڑھ میں اپنی فکر میں پاکستان کی محبت کی بات اور اپنی دعاؤں میں پاکستان اور افواج پاکستان کی سلامتی کی دعا اور شکر گزاری کی نذر ست۔ آپ پاکستان کے ایام پر لازمی پرچم کشائی فرماتے۔ 14 اگست اور 6 ستمبر کو سالانہ تقریب کا انعقاد فرماتے جو آج بھی جاری ہے۔ آپ نے دارالعلوم مدرسہ میں اسکیل میں قومی ترانہ اور اسلام زندہ آباد پاکستان زندہ آباد کے نعرے شامل کیے۔ آپ کی شہادت اسلام اور پاکستان دشمن طالبان کے ہاتھوں ہوئی۔ ایسے محب وطن، امن پسند علماء ومشائخ قائدین کو سلام عقیدت اور شہید نشر واشاعت اور تعلیم وتبلیغ کے کام منظم انداز میں جاری وساری ہیں شہید راہ وفا حضرت علامہ مفتی سید امیر حسین شاہ شیرازی اپنے وطن عظیم پاکستان سے بہت محبت کرتے تھے اور ایک سچے پاکستانی کی حیثیت سے آپ خود بھی بھرپور جذبہ رکھتے اور آپ نے اپنی آل واولاد وشاگردوں اور مریدین کو یہ جذبہ دیا جس کا نمونہ آج آپکے جانش

قائداعظم ٹرافی کے سلسلے میں سندھ بلوچستان کے ہونے والے میچ میں یاسر شاہ بولنگ کرا رہے ہیں

قائداعظم ٹرافی کا پہلا دن، کھیل کیساتھ سیلفی سیشن بھی شروع

تاریخ میں پہلا موقع تھا جب کرکٹرز شائقین کیساتھ تصویر بنانے ان کے درمیان گئے

کراچی (عمر شاہین) پاکستان کرکٹ بورڈ کے زیر اہتمام ہفتے سے شروع ہونے والی قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ کے ساتھ ساتھ سیلفی سیشن بھی زور و شور سے جاری رہا، کراچی میں یو بی ایل گراؤنڈ پر سندھ اور بلوچستان کی فرسٹ الیون کی ٹیموں کے مابین جاری میچ کے پہلے روز سندھ کے اوپنر علی اور بلوچستان کے یاسر شاہ نے میچ دیکھنے کے لیے آنے والے شائقین کرکٹ کے ساتھ سیلفیز بنائیں۔ اس موقع پر انہوں نے شائقین کے چبھتے مسکراتے سوالات کے جوابات بھی دیے۔ پاکستان کرکٹ کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ کرکٹرز خود شائقین کے ساتھ تصاویر بنوانے کے لیے ان کے درمیان گئے۔ ماضی میں فرسٹ کلاس میچوں کے دوران شائقین اپنے پسندیدہ کرکٹرز کی صرف جھلک دیکھنے کے لیے گھنٹوں انتظار کیا کرتے تھے۔ کرکٹ حلقوں کی جانب سے اس تبدیلی کو خوش آئند قرار دیا جا رہا ہے۔ لاہور اور پنڈی میں جاری میچوں کے پہلے دن بھی معروف کرکٹرز نے شائقین کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔

بنگلہ دیش نے زمبابوے کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی

احمد آباد (رائٹرنگ ویسٹ) آئی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے پہلے میچ میں بنگلہ دیش نے زمبابوے کو تین وکٹوں سے ہرا دیا۔ زمبابوے نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں پر 144 رنز بنائے، ریان برل نے 57 رنز ناٹ آؤٹ بنائے، نجم الاسلام، سیف الدین، مصدق حسین اور مستفیض الرحمن نے ایک ایک وکٹ لی۔ بنگلہ ٹیم نے 18 اوور کی چوتھی گیند پر 7 وکٹیں گنوا کر 148 رنز بنا کر میچ اپنے نام کرلیا، 26 گیندوں پر ایک چھکے اور 8 چوکوں کی مدد سے 52 ناقابل شکست بنانے والے بلے باز مظفیف حسین سریعیدان قرار پائے۔

قائداعظم ٹرافی، عبدالقادر کو خراج عقیدت

کھلاڑیوں نے سیاہ پٹیاں باندھیں

لاہور، کراچی (اسپورٹس رپورٹر) قائداعظم ٹرافی کے آغاز کے موقع پر لیجنڈری کرکٹر عبدالقادر کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ہفتہ کو شروع ہونے والی قائداعظم ٹرافی کے میچز سے قبل عبدالقادر مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی، ہوگ تھی، تمام کھلاڑیوں نے سیاہ رنگ کی پٹیاں پہن رکھی تھیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر عبدالقادر کو تینوں سٹرز پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ قائداعظم ٹرافی کے میچز لاہور، کراچی اور ایبٹ آباد میں کھیلے گئے۔

قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ آج سے شروع ہوگا

ملک بھر سے 18 کھلاڑی مدعو، انور احمد انصاری کیمپ کمانڈنٹ کی ذمے داریاں انجام دینگے

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی جونیئر گرلز نیٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ (آج) اتوار سے پی ایس پی کوچنگ سنٹر کراچی میں شروع ہوگا، پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے مدثر آرائیں نے بتایا کہ تربیتی کیمپ کیلئے ملک بھر سے 18 کھلاڑیوں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں ماہین عظیم، زہرا سلطانی، مہرین ساگر، زیب، فاطمہ، مہوش نور شید، ایمان رحمان، لائبہ ذوالفقار، ثمرین فاطمہ، عرشیہ جمالی، زیب راحیل، احد الیب، وید زاہد، اقراء شکیل، لائبہ انصاری، آمنہ نور العین اور انسا فضل شامل ہیں۔ انور احمد انصاری کو کیمپ کمانڈنٹ اور شازیہ یوسف کو ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا۔ نیٹ سلطان کو اسسٹنٹ کوچ، فٹ بال گولکیپنگ کوچ حنا سامسک اور کومل گلزمن کو بالترتیب فزیو اور کیمپ منیجر کے عہدہ ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ایشین جونیئر گرلز چیمپئن شپ 18 سے 22 اکتوبر تک کھٹمنڈو نیپال میں کھیلی جائے گی اور چیمپئن شپ میں 8 ممالک کی ٹیموں کی کھلاڑی حصہ لے لیں گی۔ جن میں پاکستان، میزبان نیپال، سری لنکا، بھارت، بنگلہ دیش اور نیپال شامل ہیں۔ 17 اکتوبر کو چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی میجرز میٹنگ ہوگی جس چیمپئن شپ کے قواعین اور ڈرا کا اعلان کیا جائے گا۔

پاکستان اور لنکا میں 27 ستمبر سے میچز کھیلے جائیں گے

لنکن ٹیم کے سینئر کھلاڑیوں نے سیکیورٹی خدشات پر پاکستان آنے سے انکار کردیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں 27 ستمبر سے 9 اکتوبر کے درمیان پاکستان میں تین ایک روزہ میچز اور تین ٹی 20 میچز کھیلیں گی۔ تصدیقات کے مطابق سری لنکن ٹیم 25 ستمبر کو کراچی پہنچے گی جہاں 27 ستمبر، 29 ستمبر اور 2 اکتوبر کو 3 ایک روزہ میچز کھیلے جائیں گے۔ سری لنکا 10 سینئر کھلاڑیوں نے پاکستان آنے سے انکار کردیا جس میں ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان دیمتھ کرونارتنے، ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم کے کپتان لسیتھ ملنگا اور سابق کپتان انجلو میتھیوز بھی شامل ہیں۔

پی ایف ایف نارملائزیشن کمیٹی شکوک وشبہات کا شکار

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پی ایف ایف نارملائزیشن کمیٹی تشکیل کے ایک روز بعد ہی شکوک و شبہات کا شکار، سید غلام علی شاہ صدر سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن و سینئر نائب صدر سراج نے کمیٹی و اختیارات کو مسترد کردیا، پی ایف ایف کے کانگریس رکن اعجاز الحق نے بھی اعتراضات اٹھادیے۔ گزشتہ روز فیفا نے پاکستان میں فٹ بال کے مسائل کے حل کے لیے 5 رکنی نارملائزیشن کمیٹی کا اعلان کیا تھا۔

کرکٹ اسپورٹس کونسل کا اجلاس، گراس روٹ لیول پر کھیلوں کے فروغ پر اتفاق

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ اسپورٹس ڈویلپمنٹ کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس گزشتہ روز ہریکن ایسٹ سکول جوہر ٹاؤن میں وسیم سلیم کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری جنرل جنگ عاصم، ڈائریکٹر صدر عاصم بخاری، جوائنٹ سیکرٹری ریحان بٹ، اسپورٹس سیکرٹری نعیم سلیم، سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کوڈ آف آنر کے حوالے سے دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ گراس روٹ لیول سے کھیلوں کو فروغ دینے اور بچوں کو صحت افزا سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے سکول لیول سے ملک بھر میں اسپورٹس گالہ کروان چڑھایا جائے گا۔

آئرلینڈ کا سہ ملکی سیریز کے لیے اسکواڈ کا اعلان

دبلن (اے پی پی) آئرلینڈ نے سہ ملکی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان کردیا۔ گیری ولسن کو کپتان مقرر کردیا گیا ہے، جنیکب ملٹہ رکی دوبارہ ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جبکہ اینڈریو بالبرنی اور پیری ٹیکٹر پہلی مرتبہ سلیکٹرز کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ سہ ملکی سیریز کا آغاز (آج) تورمے ہوگا جس میں میزبان آئرلینڈ کے علاوہ سکاٹ لینڈ اور پاکستان کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ اعلان کردہ سکواڈ کا کپتان گیری ولسن، مارک ایڈیئر، اینڈریو بلبرنی، اینڈریو فیلڈ، گیرتھ ڈیلانی، جارج ڈاکریل، شین گٹ کاٹ، کیون اوبرائن، بائیڈر ہکسن، پال اسٹرلنگ، پیری ٹیکٹر، سٹورٹ تھامسن اور کرس ہکرا ور کریگ ینگ پر مشتمل ہے۔

جنوبی افریقہ آج ٹی 20 میچ سے دورہ بھارت کا آغاز کریگی

ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقن کرکٹ ٹیم (آج) اتوار 15 ستمبر کو پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کے ساتھ دورہ بھارت کا آغاز کریگی۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ 18 ستمبر کو موہالی کے مقام پر کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 22 ستمبر کو بنگلور میں کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 2 سے 6 اکتوبر تک وشاکا پٹنم میں کھیلا جائے گا، دوسرا ٹیسٹ میچ 10 سے 14 اکتوبر تک پونے میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 19 سے 23 اکتوبر تک رانچی میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی اور آئندہ سال مارچ میں بھارت کے خلاف دن ڈے انٹرنیشنل سیریز کھیلے گی۔

پاک بھارت ڈیوس کپ مقابلے اسلام آباد ہی میں کرانیکا فیصلہ

آزاد سیکیورٹی مشیران اور میزبان ملک کی مدد سے پاکستان میں سیکیورٹی پر نظر رکھیں گے

کراچی (نمائندہ ڈیسک) آئی ٹی ایف نے ڈیوس کپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان دو روزہ ہوم اینڈ 25 ستمبر سے اسلام آباد ہی میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارت نے 14 اور 15 ستمبر کو شیڈول ایشیا اوشیانا زون کے گروپ ون کے پے مقابلے بھارت کی جانب سے نیوٹرل مقام پر کرانے اور میچ بڑھ جانے کے اصرار پر ملتوی کیے گئے تھے۔ پاکستان میں سیکیورٹی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرنے والی آئی ٹی ایف نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وہ اپنے آزاد سیکیورٹی مشیران اور میزبان ملک کی مدد سے پاکستان میں سیکیورٹی حالات پر نظر رکھے گی۔ واضح رہے کہ آئی ٹی ایف بھارت کی جانب سے ویزے کے حصول کے لیے تاخیر کرنے پر اپنی تحریف اور تشویش کا اظہار کرچکی ہے، اس کا کہنا تھا کہ ڈیوس کپ قواعد کے مطابق دورہ کرنے والے ملک کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ مقررہ وقت کے اندر متعلقہ میچ کو اٹک کرنے کا اہتمام کرے۔ دوسری جانب پاکستان ٹینس فیڈریشن کے سیکرٹری کرنل (ر) گل رحمان نے آئی ٹی ایف کے اس فیصلے کا بھی خیر مقدم کیا ہے۔

مینز ٹی 20 ورلڈ کپ کوالیفائر 18 اکتوبر سے شروع ہوگا

2 نومبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں 14 عالمی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے زیر اہتمام مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ 2019ء 18 اکتوبر سے 2 نومبر تک متحدہ عرب امارات میں کھیلا جائے گا۔ 2015ء میں منعقدہ کوالیفائر ٹورنامنٹ میں سکاٹ لینڈ اور پاپوا نیو گنی کی ٹیمیں مشترکہ طور پر فاتح قرار پائی تھیں، 2 نومبر تک جاری رہنے والے ایونٹ میں 14 ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی جن میں میزبان یو اے ای، سکاٹ لینڈ، نامیبیا، سنگاپور، کینیڈا، آئرلینڈ، پاپوا نیو گنی شامل ہیں۔ سکاٹ لینڈ، نامیبیا، سنگاپور اور کینیڈا کو گروپ اے جبکہ یو اے ای، آئرلینڈ، اومان، پاپوا نیو گنی اور ہانگ کانگ کینیڈا، جرسی اور ہالینڈ کو گروپ بی میں رکھا گیا ہے۔ دونوں گروپس سے ٹاپ ٹیمیں سپر 6 مرحلے تک رسائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ براہ راست مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کیلئے بھی کوالیفائی کریں گی۔ 18 اکتوبر کو ایونٹ کے ابتدائی روز سکاٹ لینڈ کی ٹیم سنگاپور اور نامیبیا کی ٹیم کینیڈا کے خلاف میچ کا آغاز کرے گی، اسی روز دیگر میچز میں ہانگ کانگ، اومان، برمودا، آئرلینڈ، جرسی کا مقابلہ پاپوا نیو گنی سے ہوگا۔

تیسری اسٹوڈنٹ اولمپک گیمز آئندہ ماہ 4 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہونگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام تیسری سٹوڈنٹ اولمپک گیمز 4 اکتوبر سے کراچی میں شروع ہوگی۔ پاکستان سٹوڈنٹ اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر منتخل آرا تھیم نے بتایا کہ گیمز کی تیاریاں زور و شور پر ہیں اور گیمز میں آٹھ کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے جن میں کرکٹ، باسکٹ بال، ریپ کوکاک، اتھلیٹکس، ٹیبل ٹینس، ریگبی، جوڈو اور ہاکی کے مقابلے شامل ہیں۔

ورلڈ گو جو ریو کرانے چیمپئن شپ، عدنان اسلم پاکستان کی نمائندگی کریں گے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستین جوڈو فیڈریشن کرانے چیمپئن شپ 16 سے 22 ستمبر تک ملائیشیا کے شہر کوالالمپور میں منعقد ہورہی ہے جس میں عدنان اسلم پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ وہ انٹرنیشنل فائٹ میں حصہ لیں گے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال ایشین چیمپئن شپ میں انہوں نے برانز میڈل حاصل کیا تھا، اس بار بھی اپنی جیت کے لیے پرعزم ہوں۔

انڈر 19 ایشیا کپ، بھارت نے بنگلہ دیش کو ہرا کر ٹائٹل جیت لیا

کولمبو (اے پی پی) بھارت نے انڈر 19 ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا ٹائٹل جیت لیا۔ فاتح ٹیم نے فیصلہ کن معرکے میں بنگلہ دیش کو دلچسپ مقابلے کے بعد 5 رنز سے شکست دے کر یہ اعزاز حاصل کیا۔ بنگلہ دیشی ٹیم 106 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 33 اوورز میں 101 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ آفتاب عالم نے 5 وکٹیں لیکر ٹیم کی جیت میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ہفتہ کو کھیلے گئے انڈر 19 ایشیا کپ کے فائنل میں بھارتی ٹیم پہلے کھیلتے ہوئے 32.4 اوورز میں 106 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی، کپتان ارمان جعفر نے جدوجہد 33 رنز بنا کر ٹیم کو 100 رنز کے پار پہنچایا۔ 8 کھلاڑی دوہرے ہندسے عبور کرنے میں ناکام رہے جبکہ 8 کھلاڑی صفر پر آؤٹ ہوئے۔ جواب میں بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں 33 اوورز میں 101 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔

ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ، قومی ٹیم میانمار روانہ ہوگئی

شرکت کرنیوالی 3 رکنی ٹیم میں محمد آصف، ذوالفقار عبدالقادر اور احسن جاوید شامل

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کی تین رکنی اسنوکر ٹیم آئی بی ایس ورلڈ سنکس ریڈ ایڈیشن اسنوکر چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے میانمار روانہ ہوگئی جہاں منگلے میں آج سے ایونٹ شروع ہوگا۔ پاکستان بلیئرڈ اینڈ اسنوکر ایسوسی ایشن کے صدر منور حسین فیح نے اس ضمن میں بتایا کہ ایونٹ میں شرکت کرنیوالی پاکستان کی تین رکنی ٹیم میں محمد آصف، ذوالفقار عبدالقادر اور محمد احسن جاوید شامل ہیں جبکہ نوید کپاڈیا بطور ریفری ہمراہ گئے ہیں۔ چیمپئن شپ 25 ستمبر تک جاری رہے گی۔

جنوبی افریقہ آج ٹی 20 میچ سے دورہ بھارت کا آغاز کریگی

ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی

نئی دہلی (این این آئی) جنوبی افریقن کرکٹ ٹیم (آج) اتوار 15 ستمبر کو پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کے ساتھ دورہ بھارت کا آغاز کریگی۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ 18 ستمبر کو موہالی کے مقام پر کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 22 ستمبر کو بنگلور میں کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 2 سے 6 اکتوبر تک وشاکا پٹنم میں کھیلا جائے گا، دوسرا ٹیسٹ میچ 10 سے 14 اکتوبر تک پونے میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 19 سے 23 اکتوبر تک رانچی میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ سیریز ختم ہونے کے بعد جنوبی افریقن ٹیم واپس وطن لوٹ جائے گی اور آئندہ سال مارچ میں بھارت کے خلاف ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کھیلے گی۔

انٹرنیشنل کرکٹ میں آسٹریلوی کھلاڑی گلین میکس ویل بیٹنگ کرتے ہوئے

سرفراز پاکستان کو فتح کے ٹریک پر ڈالنے کیلئے پرعزم

مصباح کیساتھ ملکر اپنا نمبر سیٹ کرلیا، میری اور ہیڈ کوچ کی ہم آہنگی مستقبل میں بھی کام آئے گی، کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی سے کارکردگی بہتر ہوگی، کپتان کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ چیف سلیکٹر اور ہیڈ کوچ مصباح الحق سے مل کر اپنا نمبر سیٹ کرلیا ہے، ٹیم میں اب اسی نمبر پر کھیلوں گا۔ پاکستان کو فتوحات کے ٹریک پر گامزن کرنے کی کوشش کریں گے، یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شام پی سی بی اسپورٹس کمپلیکس پر میڈیا سے بات چیت میں کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہیڈ کوچ مصباح الحق سے بہت اچھی ہم آہنگی ہے ہم ساتھ کھیلے بھی ہیں اور کئی میچوں میں ساتھ کامیابی بھی سمیٹی ہے یہ ہم آہنگی مستقبل میں بھی کام آئے گی۔ بھارت اور میرے درمیان رابطے ہیں جس سے بہت سی چیزیں بہتر ہو جائیں گی۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ کپتان کتنے عرصے کے لیے ہونا چاہیے یہ فیصلہ ہونا کرتا ہے میں اس پر کوئی تبصرہ نہیں کرسکتا۔ کپتان کا کہنا تھا کہ ٹیم کے اوپنر شان مسعود، بیٹسمین اسد شفیق، سوئنگ بولر محمد عباس اور بیٹسمین حارث سہیل کی کارکردگی بہتر ہے اور ٹیم کا توازن بہتر ہے، سری لنکا کیخلاف اچھی پرفارمنس کی کوشش کریں گے۔ ایک اور سوال کے جواب میں سرفراز احمد کا کہنا تھا کہ ورلڈ کپ میں آسٹریلیا، بھارت سے کھیلنے می

کراچی کو پھر پاکستان کا دارالحکومت بننا چاہیے، سراج درانی

آرٹیکل 149 کے مطابق وفاق صوبے کو صرف مشورہ دے سکتا ہے

کراچی کے کچرے پر صرف اور صرف سیاست ہوئی، گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر، خبر انکشاف، بائیٹرنگ ویک) اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی نے کہا ہے کہ کراچی تو صرف پاکستان کے وقت بھی دارالحکومت تھا اسے دوبارہ پاکستان کا دارالحکومت بننا چاہیے۔ کراچی کی احتساب ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 35

نارتھ ناظم آباد میں غلط علاج سے خاتون جاں بحق، ورثا کا احتجاج

پہلے کہا گیا خسرہ، میڈیکل سینٹر میں پے در پے ڈرپس لگائی گئیں، غلط علاج کیا گیا، شوہر

پوسٹ مارٹم رپورٹ میں ڈاکٹرز یا عملے کی غفلت پائی گئی تو کارروائی کی جائیگی، پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) نارتھ ناظم آباد میں واقع نجی میڈیکل سینٹر میں غلط علاج سے خاتون جاں بحق ہوگئی، ورثا نے احتجاج کرتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق نارتھ ناظم آباد کے علاقے بلاک C میں واقع نجی میڈیکل سینٹر میں مبینہ طور پر غلط علاج سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئی جس کی اطلاع ملتے ہی ورثا مشتعل ہو گئے اور احتجاج شروع کردیا خاتون کی ہلاکت اور احتجاج کی ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 34

محکمہ ایکسائز سندھ نے 2 ماہ میں 12.17 ارب ٹیکس وصول کیا

جولائی اور اگست میں انفرااسٹرکچر سیس کی مد میں 9 ارب 6 کروڑ 46 لاکھ لیے گئے

موٹر وہیکل ٹیکس کی مد میں 1.21 ارب کی وصولی، افسران ہم تیز کریں، کمیشن چاؤلہ

کراچی (نمائندہ خصوصی) محکمہ ایکسائز سندھ نے جولائی اور اگست میں مجموعی طور پر 12 ارب 17 کروڑ 29 لاکھ 86 ہزار روپے ٹیکس وصول کیا، مذکورہ مدت میں موٹر وہیکل ٹیکس کی مد میں ایک ارب 21 کروڑ 67 لاکھ 49 ہزار روپے، انفرااسٹرکچر سیس کی مد میں 9 ارب 6 کروڑ 46 لاکھ 56 ہزار روپے اور پروفیشن ٹیکس کی مد میں 12 کروڑ 67 لاکھ 78 ہزار روپے وصول کیے گئے۔ کامن ٹیکس کی مد میں 95 لاکھ 14 ہزار روپے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 33

بلاول نے سندھو دیش کا نعرہ لگا کر مودی کی پیروی کی، خرم شیر

پی پی چیئرمین سندھ میں ہونے والی زیادتیوں کا نوٹس لیں

عمران خان نے آزادی کی تحریک میں نئی روح پھونک دی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر خرم شیر زمان نے کہا ہے کہ ملک اس وقت کٹھن صورتحال سے گزر رہا ہے، اس موقع پر بلاول زرداری کی جانب سے سندھ دیش کا نعرہ لگانا ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 2

وفاقی حکومت انتشار پھیلانے کی سازش کررہی ہے، قائم علی شاہ

فروغ نسیم نے آرٹیکل 149 کی غلط تشریح کی، سندھ ایک ہے اور ایک ہی رہے گا

پیپلز پارٹی آرٹیکل 149 پر کوئی تحریک چلانے نہیں جارہی، دیا جائے پر احتجاج ضرور کریگی

میر بہ خاص (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت لوگی معیشت کو بہتر بنانے کے بجائے سندھ میں انتشار پھیلانے کی سازش کررہی ہے، وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم نے آرٹیکل 149 کی غلط تشریح کی ہے اس طرح کی باتیں ان کی جہالت کے باعث بھی کیا کرتے تھے لیکن سندھ ایک ہے اور ایک ہی رہے گا، پیپلز پارٹی کون خیالات کا اظہار انہوں نے جیالی ہاؤس میں سابق ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 3

حکومت ضد چھوڑے، قومی قیادت کو اعتماد میں لینا ہوگا، سراج الحق

بھارت مظفر آباد پہنچنا چاہتا ہے، قومی وحدت نہ ہو تو ایٹم بم بھی حفاظت نہیں کرتے

کوئٹہ کو 20 سال کیلئے ٹیکس فری زون قرار دیکر مراعات کا اعلان کیا جائے، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر، نمائندہ جہان پاکستان) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان کی محرومیوں دور کرنے کیلئے حکومت کم از کم 20 سال کیلئے کوئٹہ کو ٹیکس فری زون قرار دیکر صنعتکاروں کیلئے مراعات کا اعلان کرے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 4

پاک بحریہ کا جہاز پی این ایس عالمگیر عمان کی بندرگاہ صلالہ سے گزر رہا ہے

اسپتال انتظامیہ کی بے حسی ایمبولینس دینے سے انکار

لاش موٹر سائیکل پر لیجانے والے والد چچا کو ٹرک نے کچل دیا

2 سالہ بچہ میرپور خاص سول اسپتال میں زیر علاج تھا، انتظامیہ نے ایمبولینس کیلئے 2 ہزار جمع کرانے کا تقاضا کیا، ورثا کے پاس دینے کیلئے رقم نہیں تھی

میت موٹر سائیکل پر لے جارہے تھے، سندھڑی روڈ پر تیز رفتار ٹرک نے ٹکر ماردی، تینوں لاشیں گاؤں ہمیر درس پہنچنے پر کہرام مچ گیا، ہر آنکھ اشکبار

ایمبولینس نہیں مانگی گئی، ڈاکٹر اسلم انصاری: وزیراعلیٰ کا نوٹس، کارروائی کی ہدایت، مجرمانہ غفلت ہے، ایم ایس ایمبولینس اپنے گھر لے گئے، ڈی جی ہیلتھ

میرپور خاص، کراچی (نمائندہ جہان پاکستان، بائیٹرنگ (ویک) سول اسپتال میرپور خاص میں ایمبولینس نہ ملنے پر بچے کی لاش کو موٹر سائیکل پر گھر لے جانے والے بچے کے والد اور چچا کو ٹرک نے کچل دیا، ورثا کا کہنا ہے کہ بچے کی لاش لے جانے کیلئے اسپتال انتظامیہ سے ایمبولینس مانگی گئی تھی لیکن انتظامیہ نے 2 ہزار روپے کا تقاضا کیا، ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 5

پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس عالمگیر کا عمان کی بندرگاہ صلالہ پر پرتپاک استقبال

کراچی، اسلام آباد (نمائندہ جہان پاکستان، خبر ایجنسی) پاک بحریہ کے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 32

اسلام آباد: پی پی رہنما نفیسہ شاہ پریس کانفرنس کررہی ہیں، سینیٹر روبینہ خالد اور دیگر بھی موجود ہیں

میرپور خاص واقعہ گڈ گورننس کے دعویداروں کی نااہلی کا ثبوت ہے، متحدہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کی رابطہ کمیٹی نے میرپور ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 7

کراچی: بدنام زمانہ مطلوب اسمگلر گرفتار، 2 درجن گاڑیاں برآمد

کروڑ پلایٹ کی برآمد گاڑیوں میں لینڈ کروزر، ٹیوٹا کرولا انڈس اور سوزوکی شامل ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کسٹم حکام نے بدنام زمانہ مطلوب اسمگلر کو گرفتار کرکے اس کی نشاندہی پر کروڑوں روپے مالیت کی دو درجن سے زائد اسمگل شدہ گاڑیاں برآمد کرلیں ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 6

دہشتگردوں کو بم پروف فراہم کرنیوالی خاتون گرفتار، شوہر فرار

جنت گل ناؤمن سے شیریں کو حراست میں لیا گیا، اسلحہ، بارود، منشیات اور مسروقہ سامان برآمد

شیریں سمیت گل ناؤمن اور دہشتگردوں کو کرائے پر اسلحہ دیتے ہوئے اور سامان خریدتے تھے، پولیس

کراچی (خبر انکشاف) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ جنت گل ناؤن میں دہشت گردوں کو بم ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 8

اسلام آباد: انڈونیشین اور پاکستانی طالبات بائیو سائنس کی خون کا عطیہ دے رہی ہیں

پاکستان میں میڈیا و مارکیٹنگ کے شعبے نہایت متحرک ہیں، جاوید جبار

ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب

ایڈ ایشیا 2019 کی کراچی میں میزبانی پاکستان کیلئے اعزاز، منفی اثرات زائل کرنے میں معاون ثابت ہوگی

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اطلاعات اور پاکستانی ایڈورٹائزنگ کی بانی شخصیت جاوید جبار نے کہا ہے کہ 30 سال کے بعد ایڈ ایشیا کانگریس کی ایک مرتبہ پھر میزبانی کرنا پاکستان کیلئے بہت بڑے اعزاز کی بات ہے، دنیا کے بگڑے ہوئے ماحول میں غیر معمولی طور پر پاکستان کی ساکھ پر مرتب ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 12

سندھو دیش کبھی نہیں بنے گا، وزیراعظم کے بیان پر جرح مکمل، پیپلز پارٹی اشارات کررہی ہیں

سندھ پر تیسرا حملہ، نفاذ کرنا ہے تو سب سے پہلے پشاور میں ہونا چاہیے، بلاول جب خبردار کرتے ہیں تو تنقید کی جاتی ہے

لائن آف کنٹرول پر جانے کیلئے عوام، فوج اور پی پی کو وزیراعظم کے حکم کی ضرورت نہیں، نفیسہ شاہ اور دیگر رہنما

اسلام آباد (نمائندہ جہان پاکستان) پیپلز پارٹی کی سیکریٹری اطلاعات اور کرن قومی اسمبلی نفیسہ شاہ نے وفاق کے دہشت گردوں کو اسپتال میں ہونے والی زیادتیوں کا سبب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے ہوتے ہوئے سندھ میں کبھی نہیں ہوگا، اسلام آباد میں پی پی کی اتحادی سیکریٹری اطلاعات پلوشہ خان اور سینیٹر روبینہ خالد کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے نفیسہ شاہ نے کہا کہ ہمارا شرارت کرنے والوں کو اسٹیبلشمنٹ کا سبب قرار دینا ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 29

149 کے نفاذ سے پی پی کو سندھ کارڈ کھیلنے کا موقع ملے گا، کمال

فروغ نسیم وزیراعلیٰ کے پاس آئیں اور کراچی کا مقدمہ لڑیں

عوامی مسائل کا حل مضبوط بلدیاتی حکومتوں کے قیام کے بغیر ممکن ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک سرزمین پارٹی کے چیئرمین سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ آرٹیکل 149 اے کے بجائے وفاقی وزیر فروغ نسیم کو چاہیے وہ سندھ یا کراچی کی ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 29

پی آئی اے کا مالی بحران سنگین، رواں ماہ ملازمین تنخواہ سے محروم

یونین کی کام بند کرنے کی دھمکی

انتظامیہ نے جمع کو تنخواہ کی یقین دہانی کروائی تھی، بینکوں نے فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے ادائیگی سے انکار کردیا، ذرائع

40 فیصد منافع بھی عملے کی قسمت نہ بدل سکا، اتنا خیر محرم کی چھٹیوں سے ہوئی، ترجمان: آئندہ کا لائحہ عمل کل دینگے، پی آئی اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر، خبر ایجنسیاں، بائیٹرنگ (ویک) قومی ایئرلائن پی آئی اے کا مالی بحران سنگین ہو گیا، دو ماہ کے 14 روز گزرنے کے بعد بھی ملازمین کو تنخواہیں نہیں ملیں، اجرت کی عدم ادائیگی پر قومی ایئرلائن کی پی آئی اے یونین سراپا احتجاج بن گئی، یونین کا کہنا ہے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 28

مانچسٹر سے لاہور آنیوالی پرواز میں برطانوی شہری کا غل غپاڑہ

پی آئی اے کے کپتان نے لینڈنگ سے قبل اے ایس ایف کو اطلاع کردی، مسافر رفیق زیر حراست

ایئرلائن کی بلیک لسٹ کرنے کی وارننگ، تحریری معافی پر کپتان نے معاف کیا، چھوڑ دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مانچسٹر سے لاہور آنیوالی پی آئی اے کی پرواز میں برطانوی شہری رفیق رحمان پرواز مسلسل جہاز میں غل غپاڑہ کرتا رہا، مسافر کی تگڑی و حرکات سے متعلق عملے نے کپتان کو آگاہ کی، کپتان نے لاہور ایئرپورٹ پر لینڈنگ سے قبل پی آئی اے کی سیکیورٹی ادارے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 15

انسداد ڈینگی مہم کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھایا جائے، عثمان بزدار

ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کام نہیں چلے گا، کمشنر، ڈپٹی کمشنر مہم کو لیڈ کریں، تساہل کی گنجائش نہیں

ڈینگی کا خاتمہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، کارروائی سے نہیں لینڈ میں عملی اقدامات سے ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ جہان پاکستان) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے صوبائی محکمہ صحت سے ڈینگی کے خاتمہ کیلئے خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ انسداد ڈینگی مہم کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھایا جائے، ڈینگی کے مرض کو کنٹرول کرنے کیلئے محکمہ صحت کے حکام اور انتظامی افسر لینڈ ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 26

منشیات ختم کرکے نوجوانوں کا مستقبل محفوظ بنائیں گے، شہریار

وفاقی وزیر کا افغان مہاجرین کے کمشنر آفس کا دورہ، افسروں، پی پی آئی رہنماؤں سے ملاقات

منشیات فروش کسی رعایت کے مستحق نہیں، لاہور میں افغان مہاجرین کا کمشنر آفس کا دورہ

لاہور (نمائندہ جہان پاکستان) وفاقی وزیر شہریار آفریدی نے صوبائی دارالحکومت میں افغان مہاجرین کے کمشنر آفس کا دورہ کیا۔ صدر تحریک انصاف پنجاب اعجاز چوہدری اور کمشنر افغان مہاجرین پنجاب منظور پاسین بلوچ نے ان کا استقبال کیا، شہریار آفریدی نے پی ٹی آئی لاہور کے کلب ہاؤس، کمشنر لاہور بلال لودھی، ڈپٹی کمشنر صائمہ سعید ڈی آئی جی آپریشن افتخار خان اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فورس کے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 25

ٹرائل کورٹ فیصلوں کیخلاف اوپن کورٹ میں اعتراضات پر پابندی

کیس کی اپیل کے دوران ماتحت عدالت کے جج کو طلب بھی نہیں کیا جاسکتا، ہنگامہ کارروائی کے لیے لکھا جاسکتا ہے

بائیکورٹس عدالتی کارروائی کے دوران ماتحت عدلیہ کے ججوں پر کڑی چینی سے گریز، انتظامی کمیٹی سے رجوع کریں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (خبر انکشاف، بائیٹرنگ (ویک) سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے جج کو ٹرائل کورٹ کے فیصلوں کے خلاف اوپن کورٹ میں نکتہ چینی اور اعتراضات کرنے سے روک دیا، سپریم کورٹ نے ایڈیشنل رجسٹرار ایڈمن جسٹس پاکستان کی اپیل منظور کرتے ہوئے حکم دیا ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 20

وفاقی حکومت نے کراچی کیلئے 1.3 ارب روپے کے فنڈ جاری کردیے

گرین لائن کیلئے 40 کروڑ، یونین کونسلوں کی ترقی کیلئے 17 کروڑ، نشتر روڈ کی تعمیر کیلئے 22 کروڑ روپے جاری ہوئے

سٹی حسن فلائی اوور، کے ڈی اے چورنگی، جام چاکرو سے بنارس تک روڈ کی تعمیر کیلئے بھی فنڈ شامل، مسائل میں کمی آئیگی

کراچی (سٹی رپورٹر) وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر وفاقی حکومت نے شہر کے 5 بڑے منصوبوں کیلئے 1 ارب 30 کروڑ کے فنڈز جاری کردیے، یہ منصوبے براہ راست وفاقی حکومت کی نگرانی میں عمل میں لائے جائیں گے، فنڈز کی فراہمی سے متعلقہ منصوبوں کی رفتار میں تیزی کی توقع ہے۔ وفاقی حکومت نے شہر میں گرین لائن کیلئے 40 کروڑ جاری کیے ہیں جبکہ کراچی پیکیج کے تحت بھی ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 13

عثمان بزدار برقرار رہینگے، مرکز میں تبدیلی متوقع، شیخ رشید

شہباز شریف ڈیل کرنے میں ماہر، فضل الرحمن کا نواز اور زرداری ساتھ نہیں دیں گے

بھارت سے معاملات طے نہیں پارہے، پریس کانفرنس: بتی ٹرینیں چلانے سے صاف انکار

لاہور (نمائندہ جہان پاکستان) وزیر ریلوے شیخ رشید نے کہا ہے کہ شہباز شریف معاملات ایل کرنے میں ماہر ہیں، وہ میدان میں آچکے ہیں اور رابطے میں ہیں، شہباز شریف بھتیجی اور بھائی کے درمیان بہتر پوزیشن میں آگے ہیں، آصف زرداری کے لوگوں نے پیپلز پارٹی چھوڑ دیے ہیں، آصف زرداری بات کے کھاتا تھا جب کہ نواز شریف بات کرکے نہیں کھاتے ہیں اور جو بات کرکے کھاتے تھے وہ پیپ ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 14

خصوصی تعلیم و بحالی مرکز سکھر کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال

کسی قسم کی بدعنوانی برداشت نہیں، ذمے داروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی

وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی سید قاسم نوید قمر نے اینٹی کرپشن کو تحقیقات کی ہدایت کردی

سکھر، کراچی (بیورو رپورٹ، نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی سید قاسم نوید قمر نے اینٹی کرپشن سے کہا ہے کہ وہ گورنمنٹ ایجوکیشن ایجوکیشن اور بحالی مرکز سکھر کی عمارت میں ناقص میٹریل کے استعمال کی تحقیقات کرے، یہ بات مبینہ طور پر ذمہ دار عمارت کے ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 27

مدعی مقدمہ ایس ایچ او کی عدم حاضری پر عدالت کا اظہار برہمی

فاروق ستار، عامر خان، کنور نوید قمر، منصور اورنگزیب کے خلاف جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کی سماعت

کیس کی سماعت ترجیحی بنیادوں پر کی جائے گی، لمبی تاریخ نہیں دے سکتے، عدالت کے ریمارکس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے پاکستان خلاف نعرے، میڈیا پر اس پر حملے، دہشت گردی اور جلاؤ گھیراؤ کے 2 مقدمات میں مدعی مقدمہ ایس ایچ او آرٹلری میدان کی عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سماعت ترجیحی بنیادوں پر کی جائے گی، لمبی تاریخ نہیں دے سکتے کیس نمٹانا ہیں۔ ملزمان کو انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے روبرو ... صفحہ نمبر 6 بقیہ نمبر 16

ایڈیشنل آئی جی کراچی کیلئے 3 نام وفاق کو بھیج دیے

ڈی آئی جی ٹریفک، ڈی آئی جی ایسٹ اور ڈی آئی جی ویسٹ کے نام بھیجے گئے، ذرائع

ایڈیشنل آئی جی کراچی کا تقرر 3 روز میں متوقع، ڈی آئی جی ٹریفک کا تقرر 2 ماہ بعد ہوگا

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی کا تقرر 3 روز میں متوقع ہے، ڈی آئی جی ٹریفک، ڈی آئی جی ایسٹ اور ڈی آئی جی ویسٹ کے نام بھیجے گئے ہیں، ڈی آئی جی ٹریفک کا تقرر 2 ماہ بعد ہوگا، ذرائع کے مطابق

کراچی، لاہور، ملتان، اسلام آباد، راولپنڈی اور گوجرانوالہ سے بیک وقت اشاعت
www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ جہان پاکستان کراچی
اتوار 15 محرم الحرام 1441ھ 15 ستمبر 2019ء

اقوام متحدہ کا شام میں اسپتالوں پر بمباری کی تحقیقات کا اعلان

ادلب میں جنگ بندی کے باوجود حملے، 6 جاں بحق

30 ستمبر سے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کردیا جائیگا: بشار حکومت نے ادلب کے دیہی علاقے میں میزائل داغے، جاں بحق ہونیوالوں میں بچی بھی شامل: شام میں جنگ ختم ہوچکی، روسی وزیر خارجہ

نیویارک، دمشق، ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک، ایجنسیاں) اقوام متحدہ نے شام میں اسپتالوں پر بمباری کے واقعات کی تحقیقات کرانے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کا ایک داخلی کمیشن اس کی رپورٹ جنرل سیکرٹری انطونیو گوٹیرش کو پیش کریگا۔ اس حوالے سے 30 ستمبر کو باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کردیا جائیگا۔ حال ہی میں متعدد شامی اسپتالوں پر بمباری کے نتیجے میں درجنوں افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ دریں اثناء دو مختلف سے فائربندی لاگو ہونے کے باوجود بشار حکومت نے ادلب کے دیہی علاقے میں میزائل حملے کیے۔ اس کے نتیجے میں 6 شہری موت کی نیند سو گئے جن میں ایک بچی شامل ہے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاروف کا کہنا ہے کہ شام میں جنگ ختم ہوچکی۔ روسی الیاور کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اب صرف ادلب اور دریائے فرات کے مشرقی کنارے جیسے علاقوں میں کشیدگی کے بادل چھائے ہوئے جو شامی حکومت کے زیر کنٹرول نہیں ہیں۔

بغداد: عراقی وزیر برائے توانائی ترکی فورم سے خطاب کررہے ہیں

سعودی عدالت کا کمپنی کی گاڑیاں نیلام کرکے تنخواہیں ادا کرنیکا حکم

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی عدالت نے کمپنی کی گاڑیاں نیلام کرکے ملازمین کو تنخواہیں ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب کے علاقے الباحہ میں مقامی تعمیراتی کمپنی کے ملازمین نے دو سال سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف مقامی عدالت سے رجوع کیا تھا۔

ادلب بحران: روس، ترکی، ایران کا سہ فریقی اجلاس کل ہوگا

صدور شریک ہونگے، ایران جوہری معاہدے کی خلاف ورزی نہ کرے، روس کا انتباہ

ادلب (این این آئی) روس، ترکی اور ایران کے رہنما کل اقرہ میں ہونے والے ایک اجلاس میں شام کے صوبے ادلب میں جاری بحران پر تبادلہ خیال کرینگے۔ سربراہ اجلاس میں روسی صدر ولادیمیر پوتن، ترک صدر اردگان اور ایرانی صدر حسن روحانی شرکت کرینگے۔ کریملن کے ایک سینئر عہدیدار یوری اوشاکوف نے کہا کہ روس نے ایران سے کہا ہے کہ وہ ایسی کسی بھی کارروائی سے باز رہے جس کے نتیجے میں جوہری معاہدے کو خطرہ لاحق ہو۔ جو پہلے ہی امریکا کے یکطرفہ انخلاء سے متاثر ہوچکا ہے۔ حال ہی میں روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے کہا تھا کہ شام میں جنگ ختم ہوگئی ہے اور شام آہستہ آہستہ معمول کے پرامن زندگی میں واپس آرہا ہے۔

11/9 حملے، امریکا میں قومی ہنگامی حالت کی مدت میں توسیع

واشنگٹن (اے پی پی) امریکی صدر نے 11/9 دہشتگرد حملوں کے بعد نافذ ہونے والی قومی ہنگامی حالت کی مدت میں توسیع کردی ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے کانگریس کے نام ایک پیغام میں دہشتگرد حملوں سے متعلق قومی ہنگامی حالت کی مدت بڑھادی ہے۔

برکینا فاسو: افریقی ممالک کی تنظیم جی 5 کی سمیٹ ریلی کانفرنس میں مختلف ملکوں کے مندوبین شریک ہیں

ایران حزب اللہ کے گرد مزید گھیرا تنگ کرینگے، امریکا کی دھمکی

حزب اللہ کو جنوبی امریکا کے منشیات کے کاروبار سے پیسہ ملتا ہے اور منی لانڈرنگ کے ذریعہ رقم وصول کی جاتی ہے، محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خزانہ کے سیکرٹری مارشل بلنگسلی نے کہا ہے کہ امریکا حزب اللہ، ایران کی قدس فورس اور ایرانی حکومت کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران پر انتہائی مالی اور معاشی دباؤ کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ حزب اللہ پر امریکی پابندیوں کے اثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ امریکی وزارت خزانہ نے لبنانی فیاض کے مالیاتی ٹیرر ورک کو ختم کرنے میں مدد کرنے والوں کے لیے مالی انعامات مقرر کیے ہیں۔ خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی نائب وزیر خزانہ نے کہا کہ حزب اللہ کو جنوبی امریکا کے منشیات کے کاروبار سے پیسہ ملتا ہے اور منی لانڈرنگ کے ذریعہ یہ رقم وصول کی جاتی ہے۔ جنوبی امریکی ملکوں میں حزب اللہ کے مقرب افراد اور کمپنیاں رقم سمیٹتی ہیں جو خود کش بمباروں کے اہل خانہ کی کفالت پر صرف کی جاتی ہے۔

سعودی عرب کا آئندہ ماہ سے یومیہ ایک کروڑ بیرل تیل نکالنے کا اعلان

ریاض (اے پی پی) سعودی وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان نے اعلان کیا ہے کہ سعودی عرب اکتوبر سے یومیہ 9.890 ملین بیرل پٹرول نکالے گا۔ سعودی میڈیا کے مطابق وزیر توانائی نے کہا کہ تیل پیداوار میں بھاری کمی کے موضوع پر کل او پیک کے آئندہ اجلاس میں ہوگی۔

ایڈورڈ سنوڈن یورپی ملک میں سیاسی پناہ کیلئے پرامید

ٹرمپ، بورس جانسن کی کامیابی عارضی نہیں، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی خفیہ ایجنسی این ایس اے کے سابق ایجنٹ ایڈورڈ سنوڈن نے میڈیا کو انٹرویو دیا ہے کہ انہیں جرمنی یا فرانس کی دوسری یورپی ملک میں سیاسی پناہ دے دی جائیگی۔ ایڈورڈ سنوڈن نے 2013 میں امریکا کے خفیہ راز افشا کیے تھے۔ 36 سالہ سنوڈن کا کہنا تھا کہ امریکا میں ٹرمپ، برطانیہ میں بورس جانسن اور جرمنی میں انجیلا مرکل کے سیاسی حلیفوں کی کامیابیوں کو عارضی نہ سمجھا جائے۔

عوام کرپٹ سرکاری ملازمین کو گولی ماردیں، فلپائنی صدر

قتل نہ کریں، صرف زخمی کردیں، اقدام پر عوام کو قتل نہیں جانے دینگے، آپ کو صرف جسمانی سزا ملے گی، صدر روڈریگو ڈوٹیرتے

منیلا (این این آئی) فلپائن کے صدر روڈریگو ڈوٹیرتے نے عوام کو اجازت دی ہے کہ وہ ایسے سرکاری ملازمین کو گولی مار دیں جو رشوت لیتے ہوئے پکڑے جائیں۔ خبر رساں ادارے کے مطابق صدر روڈریگو ڈوٹیرتے نے کہا کہ اگر کوئی سرکاری ملازم آپ سے رشوت طلب کرے تو اظہار ہونے کی صورت میں آپ اسے گولی مار سکتے ہیں۔ صدر گیرطلبی کی صورت میں عوام سے وعدہ کیا کہ اس اقدام پر عوام کو قتل نہیں جانے دیں گے، آپ کو صرف جسمانی سزا ملے گی۔

روس، چین تعلقات مثالی، کوئی تیسرا اثر انداز نہیں ہوسکتا، روسی وزیر خارجہ

ماسکو (اے پی پی) روس کے وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ روس اور چین میں تعلقات اتنے گہرے ہیں کہ کوئی تیسرا ملک ان پر اثر انداز نہیں ہوسکتا۔

روس کا ڈالر کے بجائے دیگر کرنسیوں میں بیرونی قرضے لینے کا اعلان

ماسکو (اے پی پی) روس کے وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ ان کا ملک آئندہ سال سے بیرونی قرضوں کا حصول ڈالر کے بدلے یورو یا چینی یوآن میں کرسکتا ہے۔

2 ایرانی کمپنیوں میں گیس فیلڈ کی تیاری کیلئے 440 ملین ڈالر کا معاہدہ

تہران (آن لائن) دو ایرانی کمپنیوں نے حساس خلیج میں ایک گیس فیلڈ کی تیاری کے لیے بشہ کے ساتھ 440 ملین ڈالر کے معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔

سعودی عرب کی عمرہ ویزے آن لائن کرنے کی ہدایت

زائرین کو پہلے سعودی عمرہ کمپنی کے غیر ملکی ایجنٹ کا انتخاب کرنا ہوگا، حکام

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک، این این آئی) سعودی عرب نے عمرہ زائرین کے لیے ویزے آن لائن جاری کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ نئی ہدایت کے مطابق عمرہ زائرین کو پہلے سعودی عمرہ کمپنی کے غیر ملکی ایجنٹ اور پھر عمرہ پیکج کا انتخاب کرنا ہوگا، عمرہ پیکج مطلوبہ تعداد اور سعودی عرب کے مختلف شہروں میں ہوٹل میں قیام کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ وزارت حج کے مطابق تمام کمپنیوں اور اداروں کو عمرہ ویزے آن لائن جاری کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ نئی ہدایات کے مطابق عمرہ زائرین کو پہلے سعودی عمرہ کمپنی کے غیر ملکی ایجنٹ اور پھر عمرہ پیکج کا انتخاب کرنا ہوگا، عمرہ پیکج مطلوبہ تعداد اور سعودی عرب کے مختلف شہروں میں ہوٹل میں قیام کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ وزارت حج نے ایک بیان میں کہا کہ زائرین کو آسکو عمرہ پیکج فیس اپنے وطن میں ہی ادا کرنی ہوگی۔ وزارت حج

صہیونی بربریت: فلسطینی بچوں پر کتے چھوڑنے کا انکشاف

قیدی بچوں کی آنکھوں پر پٹی اور ہاتھ پیچھے باندھ کر تشدد کیا گیا، متاثرہ بچے

رملہ (این این آئی) فلسطین کے اسرائیلی جیلوں میں صہیونی جارحوں کے ہاتھوں بچے فلسطینی بچوں پر وحشیانہ تشدد کے لرزہ خیز واقعات کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسرائیلی دہشتگردوں میں 16 فلسطینی بچوں کو گرفتاری کے وقت اور اس کے بعد اسرائیلی حکومت کے ایما پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 16 سالہ اسیر بچوں عوریس نے بتایا کہ اسے اسرائیلی فوج نے تین کیمپ سے منتقل کیا۔ عوریس کا کہنا تھا کہ صہیونی جارحوں نے اس پر وحشی کتے چھوڑے۔

بغداد: عراقی وزیر برائے توانائی ترکی فورم سے خطاب کررہے ہیں

لیبیا: کیمپ پر ڈرون حملہ، کرنل سمیت 3 فوجی ہلاک

ترہونا میں کارروائی کی گئی، ہلاک ہونے والوں میں ایک کیپٹن بھی شامل

طرابلس (اے پی پی) لیبیا کے شہر ترہونا میں فوجی کیمپ پر دہشت گردوں نے ڈرون سے حملہ کیا، جس میں تین فوجی ہلاک ہوئے۔ یہ اطلاع لیبیا کی فوج نے ایک بیان میں دی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق لیفٹ جارنل طلیلہ مقارنے بتایا کہ اس حملہ میں ایک کرنل، ایک کیپٹن اور فوجی کی موت سے خفروہوں جو دہشت گردوں کی طرف سے کیے گئے حملے میں مارے گئے تھے۔ واضح رہے کہ لیبیا میں ایک عشرے سے خانہ جنگ کی صورتحال ہے۔

مسئلہ فلسطین عالم عرب کیلئے مسائل کی ماں ہے: قطر

عالمی قراردادوں کے مطابق حل تک خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا، وزیر خارجہ

دوحہ (اے پی پی) قطر کے وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمان آل ثانی نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین عرب ممالک کیلئے مسائل کی ماں کا درجہ رکھتا ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق عبدالرحمان نے کہا کہ قضیہ فلسطین کے دیرپا، منصفانہ اور عالمی قراردادوں کے مطابق حل تک خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا۔ قطری وزیر خارجہ آشکارا کہا کہ فلسطینی قوم کے خلاف اسرائیلی ریاست کے ظلم کے تسلسل کو قبول نہیں کرتے۔ مسئلہ فلسطین کے حوالے سے ہمارا موقف واضح اور دوٹوک ہے ہم عرب بھائیوں کے ساتھ ظر فلسطینیوں کی ہر ممکن مدد جاری رکھیں گے۔

جرمنی اٹلی آنیوالے 25 فیصد مہاجرین کو سیاسی پناہ دیگا

طے شدہ منصوبے میں تبدیلی نہ ہوئی تو ہر چوتھے مہاجر کو لایا جائیگا، وزیر خارجہ

برلن (این این آئی) جرمن حکومت سمندری راستوں سے اٹلی پہنچنے والے پچیس فیصد مہاجرین کو اپنے ہاں سیاسی پناہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق جرمن وزیر داخلہ ہورسٹ زیہوفر کا کہنا تھا کہ کسی بھی مہاجر کو واپس نہیں دیا جائے گا۔ جرمن وزیر داخلہ کے مطابق اتحادی حکومت کے ساتھ طے شدہ منصوبے میں تبدیلی نہ ہوئی تو ہر چوتھے مہاجر کو جرمنی میں لایا جائے گا۔ ابھی تک بھی جن مہاجرین کو واپس بھیجا گیا ہے ان میں سے ہر چوتھا مہاجر جرمنی پہنچا ہے۔ زیہوفر کا کہنا تھا کہ یہ نظام ختم ہونا چاہیے کہ مہاجرین کو واپس بھیجنے والے بحری جہازوں کو بندرگاہوں پر مہینوں انتظار کرنا پڑتا ہے اور کوئی انہیں قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا۔

میٹی کا کالج داخلہ: رشوت دینے پر نامور امریکی اداکارہ گرفتار

اداکارہ کو 14 روزہ جیل، 30 ہزار ڈالر جرمانہ، 250 گھنٹے کمیونٹی سروس کی سزا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی اداکارہ فیلیسٹی ہفمین کو بیٹی کے کالج میں داخلے کیلئے رشوت دینے پر گرفتار کرلیا گیا۔ فلم ویمپائر پیریٹ ہاس وائیفز کی مشہور اداکارہ فیلیسٹی ہفمین کیخلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا کہ جس میں درخواست گزار نے موقف اختیار کیا تھا کہ اپنی بیٹی کے کالج میں داخلے کیلئے رشوت دی تھی۔ تاہم اب امریکی اداکارہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے مئی 2017 میں اپنی بیٹی کے کالج میں داخلے کیلئے 15 ہزار ڈالر کی رشوت دی تھی جس پر وہ شرمندہ ہیں لیکن یہ صرف اس لیے تھا کہ وہ ایک اچھی ماں بننا چاہتی ہیں۔ برطانوی انشورنس ادارے کی رپورٹ کے مطابق امریکی عدالت نے کالج ایجوکیشن سکینڈل پر اداکارہ کو سزا سناتے ہوئے 14 روز جیل کی سزا اور 30 ہزار ڈالر جرمانہ عائد کیا ہے، اس کے علاوہ اداکارہ کو 250 گھنٹے کی کمیونٹی سروس بھی انجام دینی ہوگی۔

امریکی صدر سے ذاتی تعلق، روسی ایئر ڈیفنس سسٹم کی خریداری کے بعد پیدا ہونیوالی کشیدگی پر قابو پاسکتے ہیں، اردگان

ترکی کا امریکا سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ

واشنگٹن اتحادی ملک کو مزید نقصان نہیں پہنچانا چاہے گا اور یہ کوئی مناسب برتاؤ بھی نہیں، ٹرمپ سے 2 ہفتے پہلے بات ہوئی، رواں ماہ خریداری کے سلسلے میں مزید بات کرونگا، ترک صدر

انقرہ (نیوز ایجنسیاں) ترکی نے امریکا سے پیٹریاٹ میزائل خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے ترک صدر نے اپنے امریکی ہم منصب سے رابطہ بھی کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترک صدر رجب طیب اردگان نے کہا کہ وہ رواں ماہ امریکی صدر سے پیٹریاٹ میزائل خریداری کے حوالے سے دوبارہ فون پر بات کریں گے۔ طیب اردگان کا کہنا تھا کہ امریکی صدر سے ان کا ذاتی تعلق روس سے ایئر ڈیفنس سسٹم کی خریداری کے بعد پیدا ہونے والی ترک امریکا کشیدگی پر قابو پا سکتا ہے۔ ترک صدر نے حزب کہا کہ ان کی امریکی صدر (ٹرمپ سے پیٹریاٹ میزائل خریداری کے حوالے سے دو ہفتے قبل فون پر بات ہوئی تھی، اب اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں امریکی صدر سے ہونے والی ملاقات میں اس حوالے سے تاہم ہوگا۔ طیب اردگان نے بتایا کہ انہوں نے امریکی صدر سے کہا کہ ہم آپ سے پیٹریاٹ میزائل ایک خاص رقم پر خرید سکتے ہیں۔ ترک صدر نے کہا کہ جب ان کی ملاقات ہوگی تو اس حوالے سے ایک بڑی اپیل پر بات کریں گے۔ طیب اردگان کا مزید کہنا تھا کہ ان کی نظر میں امریکا جیسا ملک اپنے اتحادی ملک ترکی کو مزید نقصان نہیں پہنچانا چاہے گا اور یہ کوئی مناسب برتاؤ نہیں ہے۔

باتگ کانگ میں مظاہرے کے دوران چین کے حامی اور مخالفین ایک دوسرے سے متصادم ہیں

دنیا میں صرف ایک چین، امریکا حقائق کا احترام کرے، وزارت خارجہ

واشنگٹن کا رویہ قابل قبول، پرامن بقائے باہمی کی بنیاد پر تعاون پر تیار ہیں، ترجمان، باتگ کانگ میں پرتشدد مظاہرے

بیجنگ (آئی این پی) دنیا میں صرف ایک چین ہے، امریکا حقائق کا احترام کرے، چین پرامن بقائے باہمی کے پانچ اصولوں کی بنیاد پر دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ دوستی اور تعاون کو فروغ دینے کیلئے تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چنین ینگ نے یہاں امریکا کی طرف سے تبت پر ہونے والی سالوس کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر وارننگ دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہزاروں شہریوں نے مقبوضہ تبت کے دارالحکومت لہاسا میں چین کے خلاف مظاہرہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چنین ینگ نے یہاں امریکا کی طرف سے تبت پر ہونے والی سالوس کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر وارننگ دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہزاروں شہریوں نے مقبوضہ تبت کے دارالحکومت لہاسا میں چین کے خلاف مظاہرہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چنین ینگ نے یہاں امریکا کی طرف سے تبت پر ہونے والی سالوس کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر وارننگ دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہزاروں شہریوں نے مقبوضہ تبت کے دارالحکومت لہاسا میں چین کے خلاف مظاہرہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چنین ینگ نے یہاں امریکا کی طرف سے تبت پر ہونے والی سالوس کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر وارننگ دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہزاروں شہریوں نے مقبوضہ تبت کے دارالحکومت لہاسا میں چین کے خلاف مظاہرہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ہوا چنین ینگ نے یہاں امریکا کی طرف سے تبت پر ہونے والی سالوس کو چین کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرنے کے فیصلے پر وارننگ دینے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہزاروں شہریوں نے مقبوضہ تبت کے دارالحکومت لہاسا میں چین کے خلاف مظاہرہ کیا۔

ایران نے آئل ٹینکر کے حوالے سے بدعہدی کی: جبرالٹر

ٹینکر کو خیرسگالی اور خودمختار ریاست کے وعدوں کی بنیاد پر چھوڑا، وزیر

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک، این این آئی) جبرالٹر کے جہاز رانی کے وزیر نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے خطے کے مسیح تر ملاء میں ایرانی آئل ٹینکر ایران وار ایک 1 کو چھوڑ دیا تھا مگر تہران نے اپنے وعدے پورے نہیں کیے۔ ایران نے گرین یونین کی پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شام جارہا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جبرالٹر نے ایران سے تحریری ضمانت حاصل کرنے کے بعد 15 اگست کو یہ ٹینکر چھوڑ دیا تھا۔ برعکس دمشق کو تیل فروخت کرنے کی بدعہدی کی ہے۔ خیال رہے کہ 4 جولائی کو برطانوی نیشنل فورسز نے گریس 1 نامی ٹینکر کو اس شبہ میں پکڑا تھا کہ وہ یورپی یونین کی پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شام جارہا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جبرالٹر نے ایران سے تحریری ضمانت حاصل کرنے کے بعد 15 اگست کو یہ ٹینکر چھوڑ دیا تھا۔

ٹیٹرنے کیوبا کمیونسٹ پارٹی کے لیڈر راول کاسترو کا اکاؤنٹ بند کردیا

ہوانا (اے پی پی) ٹوئٹر نے کیوبا کے کمیونسٹ پارٹی لیڈر راول کاسترو، ان کی بیٹی مارلا کاسترو اور سرکاری کنٹرول کے میڈیا اداروں کے اکاؤنٹس بند کردیے۔ ٹوئٹر نے اس کا جواز اپنی پالیسیوں کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اس واقعے پر کیوبا کی انجمن صحافت نے ٹوئٹر انتظامیہ کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

چین: بارشوں و سیلاب کے باعث 15 افراد ہلاک، ہزاروں بے گھر

میڈرا (آن لائن) چین کے جنوب مشرقی میں سیلاب سے 15 افراد ہلاک جبکہ 3500 بے گھر ہوگئے۔ مقامی میڈیا رپورٹ کے مطابق ہائینان، ہارنیا اور مشرقی ایالت فوجیانیا میں طوفانی بارشیں ہوئیں جس سے بادلوں کو تور کر پانی کئی علاقوں میں محبس گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے مزید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔

جاپان میں 100 سالہ شہریوں کی تعداد 70 ہزار سے متجاوز

صد سالہ شہریوں کی تعداد 71238 ہوچکی، 88 فیصد خواتین ہیں، حکام

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں ایک سو سال سے زائد عمر کے شہریوں کی تعداد پہلی بار 70 ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔ جاپان دنیا کی اس تیسری بڑی معیشت میں 71238 شہری ایسے ہیں جن کی عمریں ایک سو برس یا اس سے بھی زیادہ ہوچکی ہیں۔ حکومتی اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ ان میں سے اکثریت خواتین ہیں۔

نیپال: بتوڈے تلے دب کر 16 افراد ہلاک

کھٹمنڈو (آئی این پی) نیپال میں 16 افراد مٹی کے تودے تلے دب کر ہلاک ہوگئے، مرنے والوں میں ایک ہی خاندان کے 9 افراد شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق بارشوں کے باعث تبل کا پہاڑی تودہ آبادی پر آگرا۔

یمن میں باغیوں کی شیلنگ، خواتین اور بچوں سمیت 13 شہری ہلاک

حوثی باغیوں نے الحدیدہ اور تعز صوبوں میں کارروائیں کیں، ایک گولہ گھر کے نزدیک آگرا، 2 بچے زد میں آگئے، ٹریفک حادثے میں 6 اماراتی فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق

